مطبوعات

عنوان کتاب : حدود اللہ
مؤلف وناشر : شہزاد احمد
صفحات : ۲۲۴ ، پیپر بیک کور
غالباً ہدیہ بلاقیمت ہے
ملنے کا پتہ : شہزاد احمد
عالمگیر پیکیجز ۳/۵ کمرشل ایریا
تاج منشن ۔ ناظم آباد ۲ ۔ کراچی

راقم ایک پُر خلوص صاحب عزم دوست کی اس کوشش کا خیر مقدم کرتا ہے ۔ جب سے یہاں احیائے اسلام کے چرچے شروع ہوئے ہیں ۔ تحریر کا ذوق رکھنے والے میاں نظام حق نے اسلامی قانون اور معیشت وغیرہ سے متعلق متعدد کتابیں ، پمفلٹ ، مقالات اور مضامین لکھے ہیں ۔ یہ کتاب بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے ۔ اس میں بڑی خوبی سے عقائد ، اخلاقیات اور قانونی احکام کو جمع کر دیا گیا ہے مگر "حدود اللہ" کے عنوان سے موجودہ ماحول کی ضروریات کے سلسلے میں جو تصور ذہن میں بنتا ہے ۔ اس کے تقاضے معیاری طور پر پورے نہیں ہوتے ۔

یہ تسلیم کہ دعوتی اور سماجی زندگی میں مصروف مؤلف کی یہ مجبوری بھی ہے کہ ہمارے یہاں اسلامی نظام سے متعلق اہم مباحث پر ٹھوس تحقیقی کام کا سلسلہ رُکا ہوا ہے ۔ بالعموم ایک ہی قسم کا معلوماتی مواد ترتیب کے مختلف پیرایوں میں سامنے آ رہا ہے ۔ اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ معاشرے میں ٹھوس تحقیقی کتابوں کی مانگ کم ہے اور مطالعہ کرنے والوں کا جو تھوڑا سا حلقہ پایا جاتا ہے اس کی اکثریت بھی مبادیاتی معلومات کی محتاج ہے ۔ اور اگر یہ معلومات بھی عوام تک کسی طرح پہنچ جائیں تو بڑی بات ہے ۔

بہر حال پاکستان میں ، اور دوسرے اسلامی ممالک میں ، جہاں جہاں تحریک اسلامی نظامِ وقت کا رُخ بدلنے میں مؤثر ہو رہی ہے ، اس بات کی شدید ضرورت ہے کہ موجودہ مسائل اور ان کے ناقابلِ اطمینان حل پیش کرنے والے نظریات اور فکری نظاموں کو سامنے لے کر اسلامی حکمت کو تحقیقی سطح پر اجاگر کیا جائے ۔ اسی کے ساتھ عوام میں اسلامی حقائق کو پھیلانے کے لیے سادہ قسم کا لٹریچر بھی تیار ہو کر پھیلنا چاہیے ۔ اس دوسری ضرورت کو شہزاد احمد صاحب (باقی بر صفحہ ۴۸)